# AKASHVANI NEWS
# SRINAGAR

^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^

**Text of Urdu news Bulletin**

**Time** 09:20/09:25 AM

**Date: 28 July 2026**

**Opening**

یہ آکاش وانی سرینگر ہے۔

خبروں کا بلیٹن لیکر میں بشارت گُل

**LG**

لیفٹینینٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ سیاحتی سرگرمیاں جموں وکشمیر کی اقتصادیات کیلئے ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہیں۔ **SKICC** سرینگر میں **"Ethical Tourism Conclave"** سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ سیاحتی سرگرمیوں کو جامع بنایا جانا چاہئے تاکہ اس سیکٹر سے وابستہ افراد اور نوجوان بااختیار بن سکیں۔

**........Byte......**

اس کنکلیو کا اہتمام ٹورسٹ ٹریڈ انٹرسٹ گیلڈ جے اینڈ کے نے کیا تھا۔

**Chief Minister**

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے جنوبی کشمیر کے اننت ناگ ضلعے میں سنگم انڈسٹریل اسٹیٹ کا دورہ کرکے وہاں کرکٹ بیٹ تیار کرنے کے عمل اور اس صنعت سے وابستہ افراد کو درپیش مسائل کا جائزہ لیا۔ وزیر اعلیٰ نے اس موقعے پر کرکٹ بیٹ صنعت کو مزید فروغ دینے اور اس سلسلے میں خام مال کی بلا رکاوٹ دستیابی کو یقینی بنانے کیلئے اقدامات کرنے کا یقین دلایا۔

## Chief Secretary

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے کہا ہے کہ قدرتی آفات کے اثرات سے نمٹنے کے منصوبوں میں آج کی سرمایہ کاری مستقبل کیلئے فائدہ مند ثابت ہوسکتی ہے۔ ڈیزاسٹر مینجمنٹ، ریلیف اینڈ ری کنسٹرکشن محکمہ کی کارگزاری کا جائزہ لیتے ہوئے انہوں نے اس سلسلے میں تشکیل دیئے گئے پانچ جہتی جامع منصوبے کی عمل آوری کا تفصیلی جائزہ لیا۔ چیف سیکریٹری نے اس موقعے پر کہا کہ قدرتی آفات کیلئے کشمیر کو کافی حساس قرار دیا گیا ہے، جس سے یہ لازمی بنتا ہے کہ ان آفات سے نمٹنے کیلئے بنیادی ڈھانچے کو نہ صرف فروغ دینا ہے بلکہ مستحکم اور پائیدار بنانا بھی ناگزیر بن گیا ہے۔

## DC Srinagar

ڈپٹی کمشنر سرینگر اکشے لابرو کی صدارت میں ضلع سطحی **NCORD** کمیٹی کی ایک میٹنگ منعقد ہوئی۔ **100** روزہ جموں وکشمیر نشہ مکت بھارت ابھیان کے تحت منعقدہ اس میٹنگ میں ضلع سرینگر میں منشیات مخالف مہم کا جائزہ لیا گیا۔ میٹنگ میں بتایا گیا کہ اب تک **169** کیسز درج کئے گئے، جبکہ **238** منشیات فروش گرفتار کئے گئے۔ اس کے علاوہ **103** کروڑ روپے مالیت کی غیر قانونی جائیداد ضبط اور **89** بینک کھاتے منجمد کئے گئے ہیں۔ میٹنگ میں مزید کہا گیا ہے کہ کارروائی کے تحت **101** ڈرائیونگ لائسنس، **59** رجسٹریشن سرٹیفکیٹس اور **70** دوا فروشوں کی لائسنس معطل کی گئیں۔ میٹنگ میں منشیات کے مکمل خاتمے کیلئے مربوط کارروائی جاری رکھنے پر زور دیا گیا۔

## NCORD

اُدھر گاندربل اور بانڈی اضلاع میں بھی **NCORD** کمیٹیوں کی میٹنگ متعلقہ ڈپٹی کمشنران کی صدارت میں منعقد ہوئیں۔ ان میٹنگوں میں دونوں اضلاع میں نشہ مکت جموں وکشمیر ابھیان کے تحت منشیات کے انسداد سے متعلق اقدامات کا جائزہ لیا گیا۔

دونوں ڈپٹی کمشنروں نے متعلقہ افسران خصوصاً ایکسائز اور ڈرگ کنٹرول محکموں کو منشیات فروشوں کے خلاف کارروائیاں مزید تیز کرنے نیز میڈیکل سٹوروں کی سخت نگرانی کی ہدایات دیں۔

## SKUAST

سکاسٹ کشمیر کے **Innovation** ، انکیوبیشن اینڈ آنٹر پرنیورشپ سینٹر نے آئی آئی این کولکتہ انوویشن پارک کے اشتراک سے سپارک سوشل عنوان سے ایک سمینار کا انعقاد کیا۔ سمینار میں نوجوانوں کو نفع بخش اور موثر سماجی کاروبار کے فروغ کی ترغیب دی گئی۔ یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر نذیر احمد گنائی اس موقعے پر مہمان خصوصی کی حیثیت سے موجود تھے۔ انہوں نے کہا کہ اختراع اور کاروباری صلاحیتیں معاشرتی مسائل کے حل اور جموں وکشمیر کی ترقی کیلئے ناگذیر ہیں۔

## IUST

اسلامک یونیورسٹی آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی کشمیر نے بین الاقوامی تعلیمی تعاون کو فروغ دینے کیلئے جرمنی کی پیڈربارن یونیورسٹی کے ساتھ ایک مفاہمت کی یاداشت پر دستخط کئے ہیں۔ معاہدے کے تحت دونوں ادارے تدریس، تحقیق، طلباء واساتذہ کے تبادلے اور مشترکہ تعلیمی سرگرمیوں میں تعاون کریں گے۔ اس موقعے پر مقررین نے کہا کہ یہ اشتراک تحقیق اور علمی روابط کو مزید مستحکم کرنے میں معاون ثابت ہوگا۔

## Yatra

سالانہ شری امرناتھ جی یاترا بال تل کے راستے جاری ہے تاہم پہلگام راستے پر مرمت کا کام جاری ہونے کی صورت میں اس راستے سے یاترا عارضی طور بند ہے۔ بھگوتی نگر جموں کے بنیادی کیمپ سے آج صبح یاتریوں کا **21** واں جتھہ بال تل کے راستے پوتر گپھا کے درشن کیلئے وادی کی طرف روانہ ہوا۔ اس بیچ آج صبح **8** بجے تک **4** سو **26** مزید یاتریوں نے پوتر گپھا کے درشن کئے۔ یاترا شروع ہونے سے اب تک **4** لاکھ **26** ہزار سے زائد یاتریوں نے گپھا کے درشن کئے ہیں۔

## Hepatitis Day

آج ہیپاٹائٹس کی روکتھام کا عالمی دن ہے۔ اس دن کا مقصد جگر کی بیماری سے متعلق بیداری پیدا کرنا اور ہیپاٹائٹس کی صورت میں احتیاط اور علاج سے متعلق جانکاری عام کرنا ہے۔ آج کے دن کی مناسبت سے جموں وکشمیر میں بھی کئی پروگرام منعقد ہو رہے ہیں۔

**Temperature**

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 20 ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 27 اعشاریہ 1 ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا سے گیا۔

**Closing**

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا۔

خدا حافظ